© rasailojaraid.com



صحیح نہیں ہے۔ "مقاطعًا الکلا مکو" ہونا چاہیئے تاہم عربی کے طلبا اور اساتذہ کے لئے کام کی چیز ہے۔ انھیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

**حیات امام احمد بن حنبل**:۔ مؤلفہ استاذ ابو زہرہ۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۸۰۰ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت مجلد ۱۵ روپیہ۔ پتہ۔ المکتبۃ السلفیہ۔ شیش محل روڈ۔ لاہور۔

فواد یونیورسٹی مصر کے پروفیسر قانون شیخ ابو زہرہ موجودہ مصر کے ممتاز اہل علم اور صاحب قلم ہیں۔ انھوں نے امام احمد بن حنبل پر یونیورسٹی میں چند لکچر دیئے تھے۔ جن میں امام صاحب کے ذاتی حالات و سوانح علم و فضل اخلاقی و روحانی کمالات۔ فضائل و مناقب اور مجاہدانہ کارناموں کے علاوہ امام صاحب کے فقہ۔ اس کے اصول۔ فقہ حنبلی کا دوسرے مسالک فقہ کے ساتھ مقابلہ اور موازنہ اور اس کی خصوصیات وغیرہ پر محققانہ اور بصیرت افروز گفتگو کی گئی تھی بعد میں انھیں لکچروں کو کچھ دراضافوں کے ساتھ ایک ضخیم کتاب کی شکل میں شائع کر دیا گیا تھا زیر تبصرہ کتاب اسی کا ترجمہ ہے۔ جو سید رئیس احمد صاحب جعفری نے کیا ہے۔ ترجمہ کی عمدگی اور شگفتگی کے لئے لائق مترجم کا نام کافی ضمانت ہے۔ ترجمہ کے علاوہ مولانا محمد عطاء اللہ صاحب حنیف بھوجیانے نے جابجا مفید تعلیقات و حواشی بھی لکھے ہیں جن سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ موجودہ زمانہ میں جب کہ اسلامی قانون سازی کا موضوع بہت اہم ہے اس کتاب سے بڑی مدد اور روشنی ملے گی۔ اس لئے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

**تدوین حدیث**:۔ از مولانا سید مناظر احسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۰۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت مجلد ۱۲ روپے۔ پتہ:۔ ادارہ مجلس علمی میری ویدر ٹاور کراچی۔

یہ کتاب مولانا کے ان طویل و مبسوط مقالات کا مجموعہ ہے جو اس نام سے برہان اور بعض دوسرے علمی رسالوں میں بالاقساط مہینوں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ان میں حدیث کی حجیت اس کی تشریعی اہمیت تدوین و حفاظت۔ اصول جرح و تعدیل۔ محدثین کے طبقات، اور ان کے مجاہدانہ کارنامے۔ علمی اور عملی کمالات و فضائل اور حدیث کے منکرین کے دلائل کا رد جس محققانہ اور مبصرانہ انداز میں کیا گیا ہے اس سے وہ حضرات بخوبی واقف ہیں جنھوں نے ان مضامین کا مطالعہ کیا ہے۔ موضوع کتاب کے خاص مباحث و مسائل کے علاوہ



© rasailojaraid.com